مورخہ 21-05-2023

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | گورنر بلوچستان کی ہزارہ یوم ثقافت کی تقریب بطور مہمان خصوصی شرکت۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی آصف علی زرداری سے ملاقات۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 03 | ترقیاتی کاموں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ضیاءلانگو۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 04 | عام انتخابات میں بڑے مارجن سے کامیابی حاصل کرینگے،مولانا عبدالوسع۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | بچے کھچے دہشتگردوں کو پوری قوت کے ساتھ کچلا جائے گا نور محمد دمڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | باہمی احترام اوررواداری کے فروغ میں ثقافت کا کردار اہمیت کا حامل،خالق ہزارہ۔ | آزادی ودیگراخبارات |
| 07 | احتجاج کی آڑ میں غیر ملکی ایجنڈے کی تکمیل ناقابل برداشت ہے طور اتمانخیل۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | کھیلوں میدانوں کو آباد رکھنا حکومت بلوچستان کا وژن ہے،فرح عظیم شاہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | بلوچستان کے 60ہزار کاشتکاروں کو چاول کے مفت بیج کی فراہمی شروع۔ | سنچری ودیگراخبارات |
| 10 | بی ایف اے کی کاروائیاں جاری میٹ شاپس سمیت 16 مراکز پر جرمانے عائد۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | جسٹس فائز کی سربراہی میں آڈیولیکس کی تحقیقات کیلئے کمیشن قائم چیف جسٹس بلوچستان شامل۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام نے نادرا کے ساتھ معاہدے پر دستخط کردیئے۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | ترقی پانیوالے افسران اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے،ڈی آئی جی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | عوامی قوت سے کرپشن اور کمیشن مافیا کا مقابلہ کرسکتے ہیں،نیشنل پارٹی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | بلوچستان اسمبلی میں یونیورسٹی آف نصیرآباد کے قیام کی قرارداد متفقہ طور پر منظوری کرلی گئی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | سیدلیاقت آغا کے گھر پر دستی بم اور جدید ہتھیاروں سے حملہ قابل مذمت ہے،پشتونخوامیپ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | پشتون بلواقوام صدیوں سے اکٹھی جدوجہد کررہی ہیں،اے این پی۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

لورالائی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق،مارگٹ مین چیک پوسٹ پر حملہ پر جوان شہید 1 دہشتگرد ہلاک،بیلہ فائرنگ سے پولیس اہلکار زخمی،بی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک،وڈھ فائرنگ سے نوجوان ہلاک۔

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 21-05-2023

## عوامی مسائل

کوئٹہ سے اندرون ملک جانے کیلئے متعدد ٹرینیں بحال نہ ہوسکیں، ژوب میں تعلیمی اداروں کی بندش سے بچوں کا قیمتی وقت ضائع ہونے لگا، طلباء کو تعلیمی اداروں سے بے دخل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، خضدار میں جعلی گارنٹی پر بیٹری فروخت، گوادر میں بجلی کا بحران ختم نہ ہوسکا، خضدار نئے تعینات ہونے والے ڈاکٹر غائب عوام کو مشکلات کا سامنا۔

## اداریہ:

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے **بڑھتی ہوئی مہنگائی اور معاشی کیفیت کی ششماہی رپورٹ !!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے بلوچستان سمیت ملک بھر میں بڑھتی ہوئی مہنگائی نے غریب اور متوسط طبقات ایک ایسا چیلنج بن چکا ہے جس کے آگے بند باندھنے کے لئے سنجیداور دوٹوک وعملی اقدامات کی ضرورت ہے ۔ایک خبر کے مطابق ہفتہ رواں کے دوران ملک میں مہنگائی کی ہفتہ وار شرح پینتالیس اعشاریہ سات دو فیصد رہی جواگرچہ پچھلے ہفتے کی نسبت کم ہے لیکن پھر بھی دیکھا جائے تو یہ کوئی معمولی شرح نہیں دوسری جانب معیشت کی کشتی بدستور ہچکولے کھارہی ہے سٹیٹ بینک نے گزشتہ روز ملک کی کیفیت پر رواں مالی سال کی جو ششماہی رپورٹ جاری کی ہے اس میں اس بات کا اعتراف کیا گیا ہے کہ رواں مالی سال کی پہلی ششماہی میں معاشی حالات میں بگاڑ دیکھا جائے بگاڑ کیوں اور کہاں سے آیا اس کی وجوہات پر بھی بحث کی گئی ہے اور مستقبل کے چیلنجز کا بھی جائزلیا گیا ہے۔

## اداریے:

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "**سراج الحق پر حملہ** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے "**امیرجماعت اسلامی کے قافلے پر خودکش حملہ** " کے عنوان سے ادریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائم کوئٹہ نے "Suicide attack on Sirajul Haq" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے توانائی کے منصوبےاورسرحدی منڈیاں پاک ایران دوستی کی سربلندی کی علامت ہیں" کے عنوان سے گوہر نایاب کے ایس ایم کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے !!**آواران میں تعلیمی نظام کی تباہی اور ذمہ داران** " کے عنوان سے تنویراحمد کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے !!**لاپتہ افراد جائزے کا دوسرا رخ** " کے عنوان سے اشرف شریف کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

گورنر، وزیراعلیٰ، وزراء

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 21 MAY 2023 Page No: 1

## گورنر بلوچستان کی ہزارہ یوم ثقافت کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت

عبدالولی کاکڑ کا تقریب سے خطاب، ہزارہ قوم کو ان کے یوم ثقافت پر مبارکباد دی

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی وصوبائی وزیر کھیل وثقافت عبدالخالق ہزارہ نے زبان رسم ورواج طرز رہن سہن ادب شاعری موسیقی قومی .......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 9 پر

رقص فن وہنر جغرافیہ طرز تعمیر علم ودانش کو اقوام کی ثقافت کے اجزا قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہر قوم کی ثقافت دوسرے قوم کی ثقافت سے جدا ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ باہمی احترام رواداری اور بھائی چارے کے فروغ میں ثقافت کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہوتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ یزدان خان ماڈل ہائی سکول میں ہزارہ قوم کے یوم ثقافت کی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب کے مہمان خصوصی گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ تھے جنہوں نے اپنے خطاب میں ہزارہ قوم کو ان کے یوم ثقافت پر مبارکباد دی یاد رہے کہ ہزارہ قوم ثقافت حکومت بلوچستان محکمہ ثقافت کے زیر اہتمام ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے تعاون سے منایا گیا ہزارگی کلچر ڈے پاکستان کے مختلف شہروں میں آباد اور دنیا بھر میں مقیم ہزارہ قوم نے انتہائی جوش وجذبے کے ساتھ منایا

INTEKHAB QUETTA

## گورنر اور وزیراعلیٰ بلوچستان کے مارگیٹ واقعہ کی مذمت

سیکورٹی ادارے ملزمان کی گرفتاری کو یقینی بنائیں، قدوس بزنجو

کوئٹہ (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے | بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر

زرغون کے علاقے میں سیکیورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کے حملے کی مذمت کی ہے اور افسوسناک واقعہ میں قیمتی سیکیورٹی اہلکاروں کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ شہداء نے امن کے قیام کے لئے جانوں کے نذرانے پیش کیے دہشتگردی کا خاتمہ قوم اور سیکیورٹی اداروں کا مشترکہ عزم ہے وزیراعلیٰ نے شہداء کے خاندانوں سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند کرے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے زرغون کے علاقے میں سیکیورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اپنے ایک مذمتی بیان میں کہا کہ پائیدار امن کے قیام کیلئے شہداء کا خون ضرور رنگ لائے گا

Balochistan Time Quetta

# Governor condemns attack in Zarghun area

**Staff Report**

**QUETTA**: Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar has strongly condemned the attack of terrorists on the security force check post in Zarghun area.

In one of his condemnation statements, the governor said that the blood of the martyrs will not go waste and it will ensure establishment of lasting peace. He urged the law enforcement agencies to use all available resources for the early arrest of the involved elements. Governor Balochistan prayed for the forgiveness of martyrs and expressed sympathy and solidarity with their families.

An FIR has been registered for the attack on the brother of Balochistan Awami Party Central Secretary General Senator Manzoor Ahmad Kakar. An FIR has been registered in Quetta police station Kharotabad against Naseer Ahmed, in which Abdul Khaliq, Farid, Shafi, Hayatullah, Haji Ghulam Rasool and others have been nominated under the provisions of FIR 324, 147, 148, 149, 427, 109.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**Daily:** MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

DATE: 21 MAY 2023

Page No: 2

## وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی آصف علی زرداری سے ملاقات

**دونوں رہنماؤں کے درمیان بلوچستان سمیت ملکی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال**

**وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، بلوچستان کے صوبائی وزراء و ارکین اسمبلی بھی موجود تھے**

کوئٹہ / کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے صدر آصف علی زرداری سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی ملاقات ہیا...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 9 پر

سی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ہفتہ کو پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے صدر آصف علی زرداری سے کراچی میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ملاقات کی۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں کے درمیان سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، بلوچستان کے صوبائی وزیر اکبر آسکانی اور رکن صوبائی اسمبلی لالہ رشید دشتی بھی موجود تھے۔

**Balochistan Time Quetta**

# Nation, security forces on the same page against terror: CM

## Condemns attack on military check post in Zarghun area

**Staff Report**

**QUETTA**: Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo on Saturday strongly condemned the terrorist attack on the check post of the security forces in Zarghun area and has expressed grief and sorrow over the martyrdom of three security personnel in the tragic incident.

He has said that the martyrs sacrificed their lives for the establishment of peace. The elimination of terrorism is the joint commitment of the nation and the security forces. The Chief Minister expressed his condolences and sympathy to the families of the martyrs and prayed that Allah Almighty elevates the ranks of the martyrs and give patience to the family members.

At least three soldiers embraced martyrdom during an exchange of fire with terrorists in the Zarghun area of Balochistan, the Inter-Services Public Relations (ISPR) said on Saturday.

According to the army's media wing, an operation was launched against the terrorists who attacked a security post in Zarghun area of Balochistan. "Troops on the post retaliated readily to the fire raid thereby, pushing back the terrorists," stated the military's media wing.

In the ensuing exchange of fire, three soldiers were martyred while one terrorist was also killed. The military identified the martyred soldiers as Sepoy Zaheer Ahmed, Sepoy Mudassir Shaheed and Lance Naik Abdul Qadeer.

Former President Asif Ali Zardari has invited Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo to join the Pakistan People's Party and said that the People's Party will achieve great success in the upcoming elections across the country.

He said the People's Party will continue its mission to end the deprivations of Balochistan including public service and employment opportunities.

He expressed these views while talking on the occasion of a meeting with Chief Minister Balochistan Mir Abdul Quddus Bizenjo in Karachi on Saturday. Sindh Chief Minister Syed Murad Ali Shah, Provincial Minister Akbar Askani and Provincial Assembly Member Lala Rasheed Dasti were also present in the meeting.

Balochistan Chief Minister Abdul Quddus Bizenjo met Asif Ali Zardari in which the political situation was discussed. According to sources, former president Asif Ali Zardari invited the Balochistan Chief Minister to join the Pakistan Peoples Party along with his colleagues, while the Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo invited the former President Asif Ali Zardari to visit Balochistan.

In the past, effective measures were taken by the PPP for the development and prosperity of Balochistan and in the future, all possible measures will be taken by the PPP to end the deprivations of the province.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 21 MAY 2023

Page No: 4


## عام انتخابات میں بڑے مارجن سے کامیابی حاصل کرینگے، مولانا عبدالواسع

### 9 مئی کے نقصانات کا ازالہ سیاسی جماعت سے لیا جائے جس نے نوجوانوں کو مشتعل کیا، گفتگو

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر و وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ 9 مئی کے واقعات کے بعد ہونے والے نقصانات کا ازالہ ان سیاسی جماعت سے لیا جائے جن کے کہنے پر مشتعل نوجوانوں نے ملکی املاک کو نقصان پہنچایا ہم پاکستان کی ترقی و خوشحالی چاہتے ہیں جس کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے جمعیت بلوچستان کی سطح پر بہت مضبوط سیاسی و مذہبی جماعت ہے آئندہ عام انتخابات میں بڑے مارجن سے کامیابی حاصل کرینگے انہوں نے پارٹی عہدیداروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی سیاسی جماعت پر پابندی کے حق میں نہیں ہے لیکن 9 مئی کے بعد جو صورتحال پیدا ہوگئی اور ملکی املاک کو نقصان پہنچایا گیا ہے اور ان کا ازالہ کرنے کیلئے فوری طور پر اس سیاسی قیادت کے خلاف کارروائی ہونی چاہئے انہوں نے ژوب میں جماعت اسلامی کے مرکزی امیر سراج الحق کے قافلے اور درغون غر میں سیکورٹی فورسز کے اہلکاروں پر حملے اور شہادت کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح واقعات سے بلوچستان مزید پسماندگی کا شکار ہوگا صوبائی حکومت کو چاہئے کہ وہ حالات کو بہتر کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔

## مارگٹ میں چیک پوسٹ پر حملہ، 3 جوان شہید، 1 دہشتگرد ہلاک

بلوچستان میں امن کیلئے پرعزم ہیں، گورنر، وزیر اعلیٰ

فرار دہشتگردوں کی تلاش جاری، امن سبوتاژ کرنے کی کوششوں کو ناکام بنائیں گے، آئی ایس پی آر، ملک عبدالولی کاکڑ اور عبدالقدوس بزنجو کی مذمت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر+ خ ین) مارگٹ میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کے حملے میں 3 جوان شہید جبکہ فورسز کی جوابی کارروائی میں ایک دہشت گرد مارا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق 20 مئی کی صبح دہشت گردوں نے مارگٹ کے علاقے زرغون میں قائم سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر حملہ کر دیا جس کے نتیجے میں 3 سیکورٹی اہلکار شہید جبکہ سیکورٹی فورسز کی جوابی فائرنگ میں ایک دہشت گرد مارا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فرار ہونے والے دہشت گردوں کی تلاش کے لئے قریبی پہاڑوں میں بلاکنگ اور سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کوئلہ کانوں سے بھتہ خوری روکنے کے لئے چیک پوسٹ حال ہی میں بنائی گئی تھی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکورٹی فورسز قوم کے ساتھ مل کر بلوچستان کے امن، استحکام اور ترقی کو سبوتاژ کرنے کی کوششوں کو ناکام بنانے کے لئے پرعزم ہیں۔ دریں اثناء گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے زرغون کے علاقے میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اپنے ایک مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ پائیدار امن کے قیام کیلئے شہداء کا خون ضرور رنگ لائے گا، انہوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ وہ ملوث عناصر کی جلد گرفتاری کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائیں، گورنر بلوچستان نے شہداء کی مغفرت کیلئے دعا کی اور انکے اہل خانہ سے ہمدردی و یکجہتی کا اظہار کیا۔ علاوہ ازیں وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے زرغون کے علاقے میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کے حملے کی مذمت اور افسوسناک واقعہ میں تین سیکورٹی اہلکاروں کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ بیان میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ شہداء نے امن کے قیام کے لئے جانوں کے نذرانے پیش کئے، دہشت گردی کا خاتمہ قوم اور سیکورٹی اداروں کا مشترکہ عزم ہے، وزیر اعلیٰ نے شہداء کے خاندانوں سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

## لورالائی: فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

لورالائی (نامہ نگار) نیو اڈا لورالائی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک بھائی جاں بحق دوسرا زخمی ہوا، جاں بحق اور زخمی کی شناخت سردار اور عبدالستار ولد عبدالسلام قوم صافی ساکن کلی ڈی سے ہوئی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ کی وجہ پرانی دشمنی ہے۔

## حب، چور گرفتار، مسروقہ سامان برآمد

حب (نامہ نگار) ایس ایچ او بیروٹ شاہنواز مینگل نے چھاپے کے دوران چوری میں ملوث عبدالغنی کو گرفتار کرکے مسروقہ سامان قبضے میں لے لیا۔

## خضدار: لیویز کارروائی، 75 کلوگرام چرس برآمد، تین ملزمان گرفتار

منشیات کے دھندے میں ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، کارروائیوں میں حصہ لینے والے جوانوں کی حوصلہ افزائی کی جائیگی، ڈی سی

خضدار (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر ریٹائرڈ کیپٹن جمیل احمد بلوچ نے کہا ہے کہ منشیات جیسے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں یہ نہ صرف انسانیت کے قاتل ہیں بلکہ قومی مجرم بھی ہیں لیویز فورس منشیات کی سمگلنگ روکنے میں پیش پیش ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جنگ سے بات چیت کرتے ہوئے کیا کیپٹن جمیل بلوچ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کی ہدایات لوگوں کی جان و مال کے تحفظ کے ساتھ انکی ہر قسم کا ریلیف دینے کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں انہوں نے منشیات کی سمگلنگ روکنے کے حوالے سے کہا کہ وڈھ لیویز کے اہلکاروں نے اسسٹنٹ کمشنر وڈھ اقبال کھوسہ کی سربراہی میں دورہ میں بھاری مقدار میں چرس برآمد کرکے سیکڑوں لوگوں کی جانوں سے کھیلنے والوں کو بھی گرفتار کیا اور اس کے دوران دو الگ الگ کارروائیوں میں مجموعی طور پر 75 کلو گرام چرس برآمد کرکے تین مجرمان کو بھی گرفتار کیا ان کامیاب کارروائیوں میں حصہ لینے والے جوانوں کی حوصلہ افزائی کی جائیگی انہیں انعامات اور تعریفی اسناد سے بھی نوازا جائے گا۔

## بیلہ، فائرنگ سے پولیس اہلکار زخمی

بیلہ (نامہ نگار) بیلہ شہر میں جمعہ اور ہفتہ کے درمیانی شب گشت کے دوران نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار قادر بخش ٹانگوں میں گولیاں لگنے سے زخمی ہوگیا زخمی کو بیلہ میں طبی امداد دینے کے بعد کراچی منتقل کر دیا گیا۔

## سبی، فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

سبی (نامہ نگار) سبی میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق اور ایک زخمی ہوگیا تفصیلات کے مطابق سبی کے قریب تلی کے مقام پر مسلح افراد کی فائرنگ سے غلام سرور جاں بحق جبکہ محمد رزاق شدید زخمی ہوگیا لاش ضروری کارروائی کے بعد لواحقین کے حوالے کردی گئی فائرنگ کا واقعہ پرانی دشمنی کا شاخسانہ بتایا جاتا ہے۔

## وڈھ، فائرنگ سے نوجوان ہلاک

خضدار (این این آئی) وڈھ کے علاقے سارونہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ 27 کامران مری جاں بحق ہوگیا مزید تفتیش لیویز کر رہی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## دکی، اسلحے کے زور پر گاڑی چھین لی گئی

دکی (یو این اے) حبیب قلعہ روڈ پر چھ مسلح نامعلوم افراد نے اسلحے کے زور پر ایکس گاڑی ماڈل 2005 سفید کلر چھین کر فرار ہوگئے ایکس گاڑی ماسٹر جمال خان ترین سے اسلحے کے زور پر چھینی گئی ہے۔ مسلح افراد دو عدد موبائل فون بھی چھین کر لے گئے۔ گاڑی کے مالک ماسٹر جمال خان ترین کے مطابق مسلح افراد گاڑی چھین کر ناصر آباد روڈ کی طرف فرار ہوگئے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## نصیر آباد، 9 ملوں اور گوداموں پر چھاپے، گندم کی سینکڑوں بوریاں برآمد

تحصیلدار ڈیرہ مراد جمالی مجیب الرحمٰن ساسکزئی نے رات گئے گندم اسمگلنگ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی

[illegible]

نصیر آباد (نامہ نگار) گندم ذخیرہ کرنے والوں کے خلاف نصیر آباد ضلعی انتظامیہ اور محکمہ فوڈ کی جانب سے مزید گھیرا تنگ کر لیا گیا مختلف ملز اور گوداموں پر چھاپے مزید گودام سیل کر دیے گئے جبکہ تحصیلدار ڈیرہ مراد جمالی مجیب الرحمٰن ساسکزئی نے رات گئے گندم اسمگلنگ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی تفصیلات کے مطابق کمشنر نصیر آباد ڈویژن بشیر احمد بنگلزئی اور ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی پروجیکٹ ڈائریکٹر فوڈ شبیر احمد سیال اور تحصیلدار مجیب الرحمٰن ساسکزئی کی نگرانی میں نصیر آباد کی مختلف 9 ملوں اور گوداموں پر چھاپے مارے گئے سینکڑوں گندم کی بوریاں برآمد ہونے پر تمام گوداموں کو سیل کر دیا گیا اسی طرح گندم اسمگلنگ کرنے والوں کے خلاف کارروائیوں میں بھی تیزی لائی گئی تحصیلدار مجیب الرحمٰن ساسکزئی نے نوتال کے مقام پر رات گئے کارروائی کی اندرون بلوچستان اور سندھ جانے والی ٹرکوں کو چیک کیا اس موقع پر مجیب الرحمٰن ساسکزئی نے کہا کہ نصیر آباد ضلعی انتظامیہ کسی صورت گندم کی اسمگلنگ اور ذخیرہ کرنے نہیں دے گی جب تک سرکار کی جانب سے گندم خریداری کا کوٹہ پورا نہیں کیا جاتا تب تک اسمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی کرنے کی کسی کو بھی اجازت نہیں دی جائے گی اور ملوث عناصر کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

DATE: 21 MAY 2023

Page No: 11

Bullet No. 5

## خضدار: تجاوزات کی بھرمار، ٹریفک کا نظام درہم برہم

شہریوں کو مشکلات

**متعلقہ حکام طفل تسلیوں میں مصروف، شہریوں کا کوئی پرسان حال نہیں، عوامی حلقوں کا ٹریفک نظام درست کرنے اور تجاوزات ہٹانے کا مطالبہ**

خضدار (نامہ نگار) تجاوزات کی بھرمار، ٹریفک کا نظام درہم برہم شہریوں کو شدید مشکلات متعلقہ حکام طفل تسلیوں میں مصروف، شہریوں کا کوئی پرسان حال نہیں، عوامی حلقوں کا ٹریفک کے نظام کو درست کرنے اور تجاوزات ہٹانے کا مطالبہ رپورٹ کے مطابق شہر میں بے ہنگم ٹریفک اور جگہ جگہ تجاوزات کے باعث نظام درہم برہم ہو کر رہ گیا ہے اندرون شہر اہم شاہراہوں سے گزرنا اذیت سے کم نہیں خوانچہ فروشوں دکانوں کے تھڑوں پر دس دس فٹ کے فٹ پاتھ پر رکھا سامان، چنگ چی رکشوں اور دستی ریڑھیوں کی دکانوں کے سامنے ہر وقت موجودگی نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے ٹریفک کا نظام نہایت گھمبیر ہو چکا ہے جس کی مرضی جہاں چاہے اپنی موٹر سائیکل یا گاڑی کھڑی کرے کسی کی مجال جو پوچھ سکے رہی سہی کسر چنگ چی اور رکشوں نے پوری کر دی بے ڈھنگے چلانے والے ٹریفک قوانین سے نابلد ہیں ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہو رہی چند روز قبل اسسٹنٹ کمشنر کی جانب سے تجاوزات کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایک ہفتے میں تجاوزات کے خلاف فیصلہ کن کارروائی عمل میں لائی جائے گی لیکن یہ اجلاس بھی نتیجہ خیز ثابت نہیں ہو سکا اب تک عملاً کوئی کارروائی تو دور کی بات ہے علامتی اقدامات بھی نہیں کیے گئے ہیں عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں ٹریفک کا نظام درست کرنے اور تجاوزات کا خاتمہ کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔

## خضدار: نئے تعینات ہونے والے ڈاکٹرز غائب، عوام کو مشکلات کا سامنا

**13 میں سے صرف 3 حاضر ہوئے، ہسپتال میں ڈاکٹرز کی کمی، حکام صورتحال کا نوٹس لیا جائے، عوامی حلقے**

خضدار (نامہ نگار) نئے تعینات ہونے والے ڈاکٹرز غائب، عوام کو مشکلات کا سامنا 13 میں سے صرف 3 حاضر ہوئے، ہسپتال میں ڈاکٹرز کی کمی، حکام صورتحال کا نوٹس لیا جائے عوامی حلقوں کا مطالبہ، رپورٹ کے مطابق جھالاوان میڈیکل اور گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال خضدار کے لیے مختلف شعبوں میں 13 ڈاکٹروں کی عارضی بنیادوں پر تقرری کے احکامات کا نوٹیفکیشن 13 اپریل کو جاری کیا گیا تھا لیکن صرف 3 ڈاکٹروں نے حاضری رپورٹ دی ہے جبکہ 10 تاحال جائے تعیناتی پر حاضر نہیں ہوئے وہ تنخواہ تو وصول کر رہے ہیں مگر کوئٹہ اور کراچی میں بیٹھ کر نجی ہسپتالوں میں کام کر کے لاکھوں روپے بھی بٹور رہے ہیں غفلت کی حد ہو گئی ہے محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی ہسپتال میں ڈاکٹرز کی کمی سے عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے عوامی حلقوں نے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال میں تعینات ہونے والے ڈاکٹروں کی غیر حاضری کا نوٹس لے کر انہیں حاضر کیا جائے۔

INTEKHAB QUETTA

## گوادر میں بجلی کا بحران ختم نہ ہو سکا

**ٹرانسفارمر جلنے کے باعث سپلائی منقطع ہے، شہری سڑکوں پر آ گئے**

گوادر (یو این اے) وزیراعظم پاکستان کی جانب سے گوادر کو مزید 100 میگاواٹ اضافی بجلی کے منصوبے کا افتتاح کے باوجود گوادر شہر میں بجلی کا بحران ختم نہ ہو سکا۔ بجلی کے ستائے ہوئے شہریوں نے سڑکیں بلاک کر دیں۔ ایران سے 100 میگاواٹ اضافی بجلی کی فراہمی کے باوجود بھی گوادر شہر میں بجلی کا بحران بدستور جاری ہے کیسکو روزانہ 6 سے 7 گھنٹے

بقیہ نمبر 74 صفحہ 7 پر

کے دورانیے کے ساتھ بجلی کی لوڈشیڈنگ کر رہا ہے جبکہ دوسری طرف بجلی کی فراہمی کا نظام بھی بوسیدہ ہو چکا ہے، جس کے نتیجے میں آئے روز تاروں کا ٹوٹنا اور بجلی کے ٹرانسفارمرز کا جلنا معمول بن گیا ہے۔ جبکہ شہر کے مشہور تجارتی مرکز ملا فاضل کے اطراف میں واقع رہائشی علاقوں میں بجلی کے ٹرانسفارمرز جلنے کے باعث متاثرہ علاقوں میں گزشتہ کئی دنوں سے بجلی کی سپلائی منقطع ہے، جس پر بجلی کے ستائے ہوئے شہریوں نے باہر نکل کر ٹائر جلائے اور سڑکیں بلاک کر دیں۔

MASHRIQ QUETTA

## پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی، کوئٹہ میں خوردنی اشیاء کا نیا نرخنامہ جاری نہ ہو سکا

**مہنگائی کے ستائے ہوئے عوام کو کوئی ریلیف نہ مل سکا چھوٹے بڑے تاجر اور ٹرانسپورٹرز نے کوئی چیز سستی نہیں کی، عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے میں مصروف ہو گئے، سروے ٹیم**

**پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں معمولی بڑھنے پر 5 روپے والی چیز کی قیمت 3 فیصد بڑھا کر 20 روپے کر دی، ... فوری اقدامات اٹھائے، شہری**

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی، ٹرانسپورٹرز نے کرایے اور دکانداروں نے اشیاء خورونوش کی قیمتیں کم نہ کی گئی ہے، اور نہ ہی ضلعی انتظامیہ نے نیا نرخنامہ جاری کیا، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں معمولی اضافہ ہونے پر مہنگائی کا طوفان برپا کرنے والے کوئٹہ کے تاجر اور ٹرانسپورٹرز نے کرایے کم نہیں، رہی سہی کسر ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی عدم دلچسپی اور نااہلی کے باعث عوام گرانفروشی کے رحم و کرم ہے، منافع خور مافیاں کوئٹہ شہر میں غریب شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے میں مصروف عمل ہے ضلعی انتظامیہ کی کوئی رٹ ہے نہ ہی نرخنامہ جاری کیا جا رہا ہے، کوئٹہ کے شہریوں ڈاکٹر حاجی حبیب اللہ کاکڑ، حبیب الرحمان بڑیچ، عجب خان ناصر، عبدالمتین اخوندزادہ ودیگر نے مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ مہنگائی نے غریب عوام کی کمر توڑ دی ہے کوئٹہ شہر کے دکانداروں اور ٹرانسپورٹروں نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں معمولی بڑھنے پر 5 روپے والی چیز کی قیمت 3 فیصد بڑھا کر 20 روپے کر دی کھلے الفاظ میں تین گناہ اشیاء خورونوش کی قیمتیں بڑھا دی گئیں، اسی طرح ٹرانسپورٹروں نے بھی کرایے تین گناہ بڑھا دیے ہیں جس کے باعث غریب شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، وفاقی حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی اور ریلیف کا فائدہ غریب عوام کو نہ مل سکا، انہوں نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ فوری طور پر ضلعی انتظامیہ کا سدباب کیا جائے تاکہ وہ دکانداروں منافع خوروں کے خلاف کارروائی سے قبل نرخنامہ جاری کرے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 21 MAY 2023 Page No: 12


## سراج الحق پر حملہ

سلگتے ہوئے سیاسی و معاشی ماحول میں شدت پسندی، شرانگیزی، بدامنی، دہشت گردی اور خودکش حملوں کے رونما ہونے والے واقعات انتہائی تکلیف دہ اور قابل مذمت ہیں۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں سیکورٹی فورسز کے قافلوں، چیک پوسٹوں، مساجد پر حملوں کے بعد اب تازہ ترین امیر جماعت اسلامی سراج الحق کے قافلے پر خودکش حملہ اس امر کی غمازی کرتا ہے کہ سیاسی شخصیات بھی دہشتگردوں کے ہدف پر ہیں۔ اس حملہ میں امیر جماعت بال بال بچ گئے۔ خودکش حملہ آور مارا گیا۔ 7 کارکن زخمی ہوئے اور چند گاڑیوں کو نقصان پہنچا۔ امیر جماعت کو ژوب میں جلسہ سے خطاب کرنا تھا انہوں نے کہا زندگی اور موت اللہ کے ہاتھ میں ہے خوف ہمارے خون میں نہیں۔ جلسہ ہوگا اور انہوں نے جلسے سے خطاب بھی کیا۔ 2014 میں کوئٹہ میں جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما مولانا فضل الرحمان پر بھی ایک خودکش حملہ ہوا تھا جب وہ مولانا مفتی محمود کانفرنس سے خطاب کرنے کے بعد واپس جا رہے تھے۔ امیر جماعت اسلامی سراج الحق پر خودکش حملہ ایک ایسی صورت حال میں ہوا ہے جب حکومت اور ادارے ملک میں امن و امان قائم رکھنے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں اور کوشش کی جا رہی ہے کہ ملک میں عام انتخابات سے قبل مثالی طور پر مطلوبہ ماحول فراہم کیا جا سکے۔ امیر جماعت کے قافلے پر خودکش حملہ کی صدر مملکت، وزیراعظم اور تمام سیاسی جماعتوں کے قائدین اور رہنماؤں کی جانب سے شدید مذمت کی گئی ہے۔ کسی بھی ملک میں دہشت گردی معاشرے پر دیرپا اثرات مرتب کرتی ہے جس میں جانی، مالی، معاشی، اقتصادی اور تعلیمی نقصان شامل ہے۔ پاکستان مخالف قوتیں شرپسندی پیدا کر کے ملک کو کھوکھلا کرنے کی مذموم منصوبہ بندی پر عمل پیرا ہیں جسے سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑا ہو کر اپنی اندرونی نفرتیں، تنازعات، اختلافات، تضادات کو ختم کر کے ہی ناکام بنایا جا سکتا ہے۔

Zamana Quetta

## امیر جماعت اسلامی کے قافلے پر خودکش حملہ

بلوچستان کے ضلع ژوب میں جمعرات کو امیر جماعت اسلامی سراج الحق کے قافلے پر خودکش حملہ میں 7 شہری زخمی ہو گئے امیر جماعت اسلامی حملے میں محفوظ رہے جبکہ خودکش حملہ آور مارا گیا۔ زخمیوں میں دو کی حالت نازک ہے۔ امیر جماعت اسلامی جلسہ سے خطاب کے لئے کوئٹہ سے ژوب جا رہے تھے۔ اس میں شبہ نہیں کہ پاکستان کے مخالف اور امن کے دشمن وطن عزیز کو چاروں طرف سے گھیرے ہوئے ہیں اور اپنی سازشوں کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دینا چاہتے۔ دہشت گرد جنہیں مقامی سہولت کاروں اور پاکستان دشمن ممالک کا تعاون بھی حاصل ہے، اپنی مذموم سرگرمیوں سے قوم کے حوصلے پست کرنے کے درپے ہیں۔ ہمارا حال یہ ہے کہ ہم بحیثیت قوم سیاست سیاست کھیلنے میں مصروف ہیں اور دشمن میدان کھلا دیکھ کر ہمیں ہر جگہ اور ہر سطح پر نشانہ بنا رہا ہے۔ وقت آ گیا ہے کہ ملک میں لگی نفرتوں کی آگ پر پانی ڈالا جائے اور پوری قوم دہشت گردی کے خاتمے کے لئے نئے عزم کے ساتھ آگے بڑھے۔ حکومت کا کہنا یہ ہے کہ دہشت گردوں کا خاتمہ ہمارا اولین ایجنڈا ہے۔ محض بیان بازی سے مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ اس ایجنڈے پر عملدرآمد کے لئے ضروری ہے کہ مکمل یکسوئی اور توجہ کے ساتھ اپنے تمام ذرائع بروئے کار لائے۔ ملک کی اندرونی و بیرونی سیکورٹی سخت کی جائے، حساس علاقوں خصوصاً بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں نگرانی بڑھائی جائے اور حساس علاقوں کے مقامی عمائدین کو اعتماد میں لے کر دہشت گردوں کے خفیہ ٹھکانوں کو نشانہ بنایا جائے۔

# بڑھتی ہوئی مہنگائی اور معاشی کیفیت کی ششماہی رپورٹ

بلوچستان - بیت ملک بھر میں بڑھتی ہوئی مہنگائی نے غریب اور متوسط طبقات کی چیخیں نکال دی ہیں اور خود حکومت کے لئے بھی بڑھتی ہوئی مہنگائی ایک ایسا چیلنج بن چکا ہے جس کے آگے بند باندھنے کے لئے سنجیدہ اور دوٹوک وعملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ایک خبر کے مطابق ہفتہ رواں کے دوران ملک میں مہنگائی کی ہفتہ وار شرح پینتالیس اعشاریہ سات، دو فیصد رہی جو اگرچہ پچھلے ہفتے کی نسبت کم ہے لیکن پھر بھی دیکھا جائے تو یہ کوئی معمولی شرح نہیں دوسری جانب معیشت کی کشتی بدستور ہچکولے کھا رہی ہے سٹیٹ بینک نے گزشتہ روز ملک کی معیشت کی کیفیت پر رواں مالی سال کی جو ششماہی رپورٹ جاری کی ہے اس میں اس بات کا اعتراف کیا گیا ہے کہ رواں مالی سال کی پہلی ششماہی میں معاشی حالات میں بگاڑ دیکھا جائے، بگاڑ کیوں اور کہاں سے آیا اس کی وجوہات پر بھی بحث کی گئی ہے اور مستقبل کے چیلنجوں کا بھی جائزہ لیا گیا ہے رپورٹ میں کیا گیا تجزیہ جولائی تا دسمبر مالی سال 2023ء کے ڈیٹا کے نتائج پر مبنی ہے۔رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال کی پہلی ششماہی کے دوران اہم خدشات میں مضر عالمی معاشی حالات، آئی ایم ایف پروگرام کے نویں جائزے کی تکمیل کے بارے میں بے یقینی، ناکافی بیرونی فنانسنگ اور زرمبادلہ کے ذخائر کی پست سطح شامل تھے جن میں شدید سیلاب اور سیاسی عدم استحکام کی وجہ سے شدت آ گئی۔خصوصاً، زرعی پیداوار اور بڑے پیمانے کی اشیا سازی دونوں سکڑ گئے، جبکہ عمومی مہنگائی بڑھ کر کئی دہائیوں کی بلند سطح تک پہنچ گئی۔ان چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے اسٹیٹ بینک نے مالی سال 2023ء کی پہلی ششماہی میں پالیسی ریٹ میں مزید 225 بی پی ایس کا اضافہ کردیا جبکہ اس سے قبل مالی سال 22ء کے دوران اس میں 675 بی پی ایس اضافہ کیا گیا تھا اسی طرح، حکومت نے گرانٹس، زراعانت اور ترقیاتی شعبوں میں وفاقی اخراجات کم کردیے۔مزید برآں، بیرونی کھاتے پر دباؤ کو کم کرنے کے لیے حکومت اور اسٹیٹ بینک نے درآمدات کو محدود کرنے کی خاطر مختلف ضوابطی اقدامات متعارف کرائے۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ملکی طلب میں نمایاں کمی کے باوجود مہنگائی کے اعداد و شمار مالی سال 2022ء کی دوسری ششماہی سے بدستور بلند ہیں۔مالی سال 2023ء کی پہلی ششماہی کے دوران کئی عوامل صارف اشاریہ قیمت ملکی مہنگائی کو 25.0 فیصد تک لے گئے جن میں اجناس کی بلند عالمی قیمتیں، مہنگائی کی بلند توقعات اور بعض ملکی

میں بھی مہنگائی بڑھ گئی۔علاوہ ازیں، مہنگائی کے دباؤ کو مزید بڑھانے والے عوامل پاکستانی روپے کی قدر میں کمی اور بجلی کے نرخوں اور توانائی کی قیمتوں میں اضافہ ہیں۔ان رسدی دھچکوں کے دور ثانی کے اثرات مزید اشیا کی قیمتوں اور اجرتوں پر پڑے، نیز مہنگائی کی توقعات میں بھی اضافہ ہوا چنانچہ قوزی مہنگائی بڑھ گئی۔رپورٹ میں مالیاتی شعبے کا احاطہ کرتے ہوئے بتایا گیا کہ اہم غیر سودی اخراجاتِ جاریہ میں کمی ہوئی خاص طور پر زراعانت، گرانٹس، اور ترقیاتی اخراجات میں، جس سے رواں مالی سال کی پہلی ششماہی کے دوران بنیادی فاضل رقم میں بہتری آئی۔تاہم مالیاتی خسارہ جی ڈی پی کے لحاظ سے گزشتہ سال ہی کی سطح پر رہا کیونکہ سودی ادائیگیاں تیزی سے بڑھ گئی تھیں۔محاصل کا جائزہ لیتے ہوئے بتایا گیا کہ ایف بی آر کے ٹیکسوں میں اضافہ ہوا جس میں ٹیکس انتظامیہ کی کوششوں، مہنگائی، اور امانتوں پر بلند تر منافع کا دخل ہے۔تاہم مالی سال کی پہلی ششماہی کے دوران درآمدات میں تیزی سے تخفیف اور معاشی سرگرمیوں میں بحیثیت مجموعی کمی آنے سے ٹیکس وصولی ہدف سے کم رہی۔آئی ایم ایف پروگرام کی بحالی کے حوالے سے غیر یقینی صورت حال اور سخت عالمی مالی حالات کی وجہ سے مالی سال 2023ء کی پہلی ششماہی کے دوران بالعموم بیرونی شعبہ اور خاص طور پر بیرونی فنانسنگ خاصے دباؤ کے شکار رہے۔اس کے علاوہ روس یوکرین تنازعے اور چین کی صفر کووڈ پالیسی کے نتیجے میں رسدی زنجیر میں رکاوٹوں نے عالمی طلب کو متاثر کیا، جس سے پاکستان کی برآمدی کارکردگی بھی متاثر ہوئی۔ رسد کے لحاظ سے سیلاب سے متعلق تعطل کے نتیجے میں فصلوں کی نفع یابی میں کمی واقع ہوئی، جس سے نہ صرف خوراک کی برآمدات متاثر ہوئیں بلکہ اجناس کی درآمدات کا منظرنامہ بھی بگڑ گیا عالمی اقتصادی سست رفتاری کے علاوہ غیر رسمی ذرائع کے استعمال میں اضافے سے بھی ملک کی ترسیلاتِ زر متاثر ہوئیں۔تاہم درآمدات میں ہونے والی نمایاں کمی سے برآمدات اور ترسیلات زر میں ہونے والی کمی کی تلافی ہوگئی، جس کی وجہ سے جاری کھاتے کے خسارے میں نمایاں کمی ہوئی اسٹیٹ بینک کی رپورٹ ہمہ جہت ہے جس میں تمام مسائل کا بہترین اور درست تجزیہ کیا گیا ہے مہنگائی اس وقت صرف پاکستان ہی نہیں پوری دنیا کا عالمگیر مسئلہ بن چکا ہے تاہم ہمارے ہاں مہنگائی کے ساتھ ساتھ مصنوعی گرانی، ذخیرہ اندوزی جیسے مسائل بھی بدرجہ اتم موجود ہیں مہنگائی کی بڑھتی شرح تشویشناک ہے اور سردست مہنگائی میں کمی کے امکانات بہت کم ہیں سو ضرورت اس امر کی ہے کہ مہنگائی نہ سہی گرانفروشی، ذخیرہ اندوزی جیسے مسائل پر

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

DATE: 21 MAY 2023

Page No: 14

# Suicide attack on Sirajul Haq

The law and order situation in Balochistan is still precarious and it appears the elements involved in targeting security forces, carrying out bomb blasts and targeting citizens and politicians are still intact despite the fact that our security forces are conducting successful operations against them throughout the province. On Friday, a suicide blast occurred close to Jamaat-e-Islami (JI) Emir Sirajul Haq's convoy as he was. travelling to address a rally in Balochistan's Zhob, luckily he remained unhurt, however, seven people sustained injuries and the attacker was killed. The JI said on its official Twitter account that it was a suicide attack, adding that the attacker had been killed. Sirajul Haq would address the rally as per schedule. Footage showed smoke rising close to the vehicle in which the JI chief was purportedly travelling. As the smoke cleared, a dead body, allegedly that of the attacker could be seen. Prime Minister Shehbaz Sharif and Chief Minister Balochistan Abdul Quddus Bizenjo condemned the incident and directed the authorities concerned to investigate the attack from all angles and bring the perpetrators to justice. In another incident, three soldiers were martyred while one terrorist was killed in a heavy exchange of fire between the security forces and militants in Zarghoon, Marget area of Balochistan, the Inter-Services Public Relations (ISPR) said on Saturday. Last week terrorists attacked the Frontier Corps camp in Muslim Bagh in which six terrorists were killed and two soldiers were martyred. One policeman was killed in Mastung district when he was escorting a polio team. The incidents of terrorism have increased manifold throughout the province. Unfortunately in Balochistan besides nationalists, the religious extremists are also very active and targeting security forces and civilians throughout the province despite deployment of Frontier Corps, police and Levies Force in various areas of the province. The deteriorating law and order situation in Balochistan is not a good omen for the entire country particularly with regard to its shrinking economy. The federal and Balochistan governments have also signed the Reko Diq copper and gold Project with an international company which is making an investment of billions of rupees. At this hard juncture when Pakistan desperately needed foreign investment such incidents might increase the fear of investors who are interested to invest in Balochistan. Thus it is essential that the government ought to come up with a pragmatic strategy to stop incidents of terrorism and restore long lasting peace throughout the country particularly in Balochistan.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

DATE: 21 MAY 2023

Page No: 18


## آواران میں تعلیمی نظام کی تباہی اور ذمہ داران

ساؤتھ افریقہ کی یونیورسٹی کے دروازے پر یہ فکر انگیز جملے درج ہیں،

"کسی قوم کو تباہ کرنے کے لیے ایٹم بم اور دور تک مار کرنے والے میزائلز کی ضرورت نہیں، بلکہ اس کا نظام تعلیم گرا دو اور طلباء و طالبات کو امتحانات

**تحریر تنویر احمد**

میں نقل لگانے کی اجازت دے دو، وہ قوم خود تباہ ہو جائے گی" بلکہ میں کہتا ہوں امتحانات میں قابل اور لائق طلباء و طالبات کی حق تلفی کر کے لولے لنگڑے بکھوڑوں کو پاس کریں وہ قوم خود تباہ ہو جائے گی، اس ناکارہ نظام تعلیم سے نکلنے والے ڈاکٹرز کے ہاتھوں مریض مرتے رہیں گے، انجینئرز کے ہاتھوں عمارات تباہ ہو جائیں گی، معیشت دانوں کے ہاتھوں دولت ضائع ہو جائے گی، مذہبی رہنماؤں کے ہاتھوں انسانیت تباہ ہو جائے گی، ججز کے ہاتھوں انصاف کا قتل ہو جائے گا، نظام تعلیم کی تباہی قوم کی تباہی ہوتی ہے۔" یاد رہے یہ وہی اصول ہیں جو قرآن و سنت کے عین مطابق ہیں۔ المیہ یہ کہ ہم نے اس پر عمل نہیں کیا، دوسری قوموں نے عمل کیا اور وہ کامیاب ہوئے، یہ وہ سچائی ہے جس کو کوئی ذی شعور انسان جھٹلا نہیں سکتا، آج ہماری قوم اور معاشرہ انہی وجوہات سے بری طرح متاثر ہو رہا ہے، یقین جانیے یہ آواران اور معاشرہ آج ایسا ہو چکا ہے کہ کان بڑی آواز بھی سنائی نہیں دیتی اور نہ ہی چہرہ دکھائی دیتا ہے، حکمران جماعت خاموش ہے یا پھر اقتدار کے نشے میں مست ہے، مگر اپوزیشن جماعتیں بھی ووٹ بینک کی لالچ میں آواران میں تعلیمی نظام کی تباہی میں برابر کے شریک ہے تعلیمی بہتری کے لیے کوئی خاطر خواہ قدم اٹھانے کی جرات نہیں کر پا رہی ہے جو تباہی اور علم و شعور سے دوری کا باعث بنتے جا رہے ہیں، آواران میں گونگے، بہرے، بصیرت سے عاری اندھوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے، اس میں کوئی بھی حق کا ساتھ نہیں دیتا اور ضرورت پڑنے پر سچی گواہی دینے کے لیے کوئی تیار نہیں، ہمارے حکمران اور طاقت ور حلقے تو ایسا لگتا ہے کہ وہ بھنگ پی کر سوئے پڑے ہیں، حالانکہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے حلقہ انتخاب جہاں ایجوکیشن آفیسر کی منتھلی وصولی کی پروگرام اور طلباء و طالبات کی امتحانی نتائج کی تبدیلی باعث فکر اور تشویش ناک امر ہونا چاہیے مگر حکمران جماعت کے ذمہ داران بورڈ کے آفیسران کو ایجوکیشن آفیسر کی من مانیوں کو سپورٹ کرنے کی تلقین کرتے ہیں جو باعث شرم عمل ہے، اپوزیشن سیاسی جماعتوں سمیت علاقائی تعلیم یافتہ لوگوں سماجی سطح پر کردار ادا کرنے والے جو کسی بھی معاشرے میں بہتری کا اہم ستون اور اہمیت کے حامل ہوتے ہیں سب تماشائی اور باری کا منتظر ہیں یاد رہے جب بھی نوبت چلتی رہی ایجوکیشن وت مرضی کردار پر عمل پھیرا رہا تو تباہی آواران کا مقدر ہی رہی گی جو فلحال جاری و ساری ہے آواران میں ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی تباہی کا یہ عالم ہے کہ کالج لیول کے امتحانات کے لیے وزیر علی سے وی ٹیچروں کی تعیناتی کا پرپوزل بھیج دیتا ہے امتحانی حال امتحانوں سے پہلے ٹھیکوں میں لیئے جاتے ہیں، ایجوکیشن آفیسر بذات خود ٹیچروں کو کہتا ہے ڈیوٹی مت کرے بس مجھے پانچ دس ہزار دیں گھر بیٹھ کر تنخواہ وصول کریں اور تو اور مسلسل دو سالوں سے ایجوکیشن آفیسر آواران 8th کلاس کی رزلٹوں کو رد و بدل کر کے اپنے من پسند لوگوں کی بچوں کو پوزیشن میں لا رہا ہے جو تباہ حال بلکہ تعلیمی حوالے سے یتیم ڈسٹرکٹ جہاں ایجوکیشن پہلے سے انہی نااہل آفیسروں کی وجہ سے جن کو نا اپنے عہدے کی وقار کا خیال نا ہی معاشرے کی تعمیر و ترقی کی راہ ہموار کروانے والی اس اہم ڈیپارٹمنٹ کی نام کار، گھمنڈ غرور لاپرواہی اور منتھلی وصولی کی نشے میں دھت آفیسر کو اپنے دستخط اور مہر تک کا نہیں علم کب کہاں کوئی فرضی کلرک لگا کر اپنی مرضی اور خواہشوں کو پورا کرتا ہے، انہی نااہلی کی وجہ سے تعلیم جیسے ادارہ تباہ و برباد ہے، اب ان طلباء و طالبات کی حق تلفی بھی شروع کی گئی ہے جو محنت کر کے اپنے اسکول کلاس اپنے امتحانی سنٹر سے پوزیشن حاصل کرتے ہیں اسکول اور امتحانی سنٹر سے جو رزلٹ آتا ہے اس کے بعد ایجوکیشن آفیسر اور اس کے یار دوست رزلٹ تبدیل کر کے بورڈ کو بھیج دیتے ہیں، پچھلے سال بھی ہمارے گاؤں لباچ کی تین بچیوں کی رزلٹ بدل کر ان کی جگہ پر ایجوکیشن آفیسر نے ڈپٹی ڈی ای او کے بچے اور اپنے یار کے بھتیجے کو پوزیشن دلائی اس بار پھر اصل رزلٹ کو تبدیل کر کے اسی یار کے بچی کو پوزیشن دی گئی ہے، مسلسل بچوں کی حق تلفی کو لیکر اس بار ناقد نے بلوچستان ہائی کورٹ میں ایجوکیشن آفیسر آواران، ڈپٹی ڈی ای او، کلرک رجسٹرار آفس آواران جو بذات خود سے وی ٹیچر ہے ایجوکیشن آفیسر کے لیئے مڈل مین ہے، اور چیئرمین بورڈ کے خلاف کیس دائر کی ہے جو عدالت میں ہے اس پر کارروائی ہو رہی ہے امید ہے معزز عدالت آواران کے محنتی بچوں کی حق تلفی کرنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچا کر ان بچوں کو انصاف دلائے گا آواران میں تعلیمی تباہی کے اہم کردار موجودہ ایجوکیشن آفیسر اور اس کے گروپ کیلئے کیس سبق ثابت ہوگا ایک بار پھر میڈیا سمیت اہلیان آواران، علاقائی تعلیم یافتہ دوستوں، سیاسی پارٹیوں سماجی لوگوں سے اپیل کرتا ہوں وہ تعلیمی نظام کی تباہی ناانصافی کے خلاف نکلیں پولیس اپنا احتجاج ریکارڈ کرے تا کہ جس طرح ہمارے ٹیچروں نے منتھلی لے کر اسکول تباہ کیئے اب ان طلباء و طالبات کی محنتوں کی رزلٹ بدل کر من پسند نتائج ترتیب دینے کی جو روایت پڑی ہے وہ مستقبل میں تاریکی کا باعث بن سکتا ہے اور یہ صرف ایک اسکول ایک طالب علم تک نہیں رک سکتی تمام ہیڈ آف امتحانی سنٹرز اپنے اپنے اسکول کی رزلٹ کو سامنے لائیں تو معلوم ہو جائے گا کتنے بچے بچیوں کی حق تلفی ہوگئی ہے، امتحانی سنٹرز کے ہیڈز کی ذمہ داری ہے وہ اسکول میں امتحان دینے والے ہر بچے بچی کو انصاف دلانے کیلئے آگے آئیں اور اسکول کی رزلٹ کو پبلک کرے ایجوکیشن آفیسر اور اسکے یاروں کی تمام کارستانیاں خود بخود سامنے آنا شروع ہو جائے گی، حکمرانوں سے اپیل ہے خدارا اب بورسولز والی ترقی کا نعرہ لگانا چھوڑ دیں اور عوام کو گمراہ نہ کریں، قوم کو تعلیم دیں جو نہایت ضروری ہے، تعلیم کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ رسول کریمؐ پر پہلی وحی اتری "اقراء" یعنی "پڑھ" علاوہ ازیں حدیث نبویؐ ہے

"علم حاصل کرو خواہ تمہیں چین جانا پڑے"

مطلب یہ کہ علم حاصل کرو اگرچہ اس کے لیے دور دراز جانا پڑے، علاوہ ازیں آنحضرتؐ نے غزوہ بدر کے قیدیوں کی رہائی کے لیے فدیہ کی رقم مقرر کی تھی، ان میں جو لکھنا پڑھنا جانتے تھے انہیں حکم ہوا کہ دس دس بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھا دیں تو انہیں چھوڑ دیا جائے گا، اس سے ہم تعلیم کی اہمیت کا اندازہ لگا سکتے ہیں، آج تک جن قوموں نے ترقی کی ہے وہ علم کی بدولت کی ہے، اسی تعلیم کی وجہ سے زندگی میں خدا پرستی، عبادت، محبت و خلوص، ایثار، خدمت خلق، وفاداری اور ہمدردی کے جذبات پیدا ہوتے ہیں تعلیم کی ہی وجہ سے صالح و نیک معاشرہ تشکیل پاتا ہے، یہ کسی بھی قوم یا معاشرے کی ترقی کا ضامن ہے اور قوموں کی ترقی اور زوال کی وجہ بھی ۔۔۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Baakhabar Quetta

Bullet No. 6 DATE: 21 MAY 2023 Page No: 21


## لاپتہ افراد: جائزے کا دوسرا رخ

**تحریر: اشرف شریف**

لاپتہ افراد کا معاملہ عموماً کسی ایک پہلو سے دیکھا جاتا ہے۔ نقصان یہ ہوتا ہے کہ دوسرے پہلوؤں کو نظر انداز کرنے سے یہ معاملہ یکطرفہ موقف بن کر رہ جاتا ہے جو ہمیشہ متنازع رہتا ہے۔ لورنا فرگوسن یونیورسٹی آف ویسٹرن اونٹاریو کینیڈا سے وابستہ پی ایچ ڈی ہیں۔ وہ مسنگ پرسنز ریسرچ جب کی بانی ہیں۔ کینیڈا میں مسنگ پرسنز کے معاملے پر انہوں نے ایک تحقیق کی۔ وہ کہتی ہیں کہ پہلے پہل لاپتہ افراد سے مراد وہ لوگ تھے جو سیریل قاتل تھے اچانک غائب ہو گئے پراسرار طور پر گم ہوئے یا عوامی زندگی میں مجرمانہ طور پر بدنام تھے۔ اس موضوع پر کئی کرائم شو ہوئے۔ عوام لاپتہ افراد کے امور پر تحقیق کرنے والوں، پولیس اور سیکیورٹی اداروں سے براہ راست رابطے میں نہیں ہوتے اس لئے اکثر اوقات وہ غائب ہونے والے یا لاپتہ کر دیے گئے شخص کے پسماندگان اور گھریلو حالات کی بنیاد پر ان سے اظہار ہمدردی کرتے ہیں۔ معلومات کی کمی قانون نافذ کرنے والے اداروں کے خلاف پروپیگنڈہ میں معاونت فراہم کرتی ہے۔

لاپتہ افراد کے معاملے کو پاکستان میں زیادہ تر بلوچستان میں پرتشدد تنظیموں کی سرگرمیوں کے تناظر میں پیش کیا جاتا ہے۔ جب کوئی عسکریت پسند گرفتار ہو یا مارا جائے تو قانون نافذ کرنے والے ادارے اس کا اعلان کرتے ہیں۔ کچھ عرصہ قبل کراچی میں خودکش جیکٹ کے ساتھ گرفتار نیاز ... اور چند ہفتے قبل گرفتار گلزار امام شمبے کی مثال موجود ہے۔ بلوچستان میں لاپتہ افراد کا معاملہ مسلسل یکطرفہ پروپیگنڈہ کے ساتھ پیش کیا جا رہا ہے جس میں ساری ذمہ داری قانون نافذ کرنے والے اداروں پر عائد کی جاتی ہے۔ اس امر پر توجہ دی جاتی کہ کئی بار عسکریت پسند منحرف ہونے والے اپنے ساتھیوں کو مار دیتے ہیں یا انہیں قید کر لیتے ہیں۔ ایسی رپورٹس موجود ہیں جن کے مطابق لاپتہ سمجھے جانے والے افراد یورپ میں پناہ گیر کے طور پر ملے۔ ریاست کو ظالم انسانی حقوق کی خلاف ورزی کی مرتکب اور بنیادی حقوق غصب کرنے والی طاقت قرار دے کر بہت سے لوگ مغربی ملکوں میں پناہ لیتے ہیں۔ یہ ایسا ہی ہے جیسے پاکستان کے پرامن علاقوں سے باہر منتقل ہونے کے لئے کچھ افراد اپنا مذہب تبدیل کرنے کا جواز پیش کرتے ہیں اور کچھ لزبئین وگے رائٹس کے نام پر ریاست پاکستان کو ظالم قرار دے کر مغربی ریاستوں میں پناہ چاہتے ہیں۔ بنیادی مسئلہ معیشت ہے۔ لاپتہ افراد سے جڑے اکثر قصے معاشی مجبوریوں، دباؤ اور دشمن کے ہاتھوں استعمال ہونے کا واقعہ نکلتے ہیں۔ کچھ لوگ ہر حال میں اپنے ملک اور لوگوں کے ساتھ رہتے ہیں اور کچھ کسی بھی جواز کے ساتھ ملک سے نکلنا چاہتے ہیں۔ بلوچستان میں ایک معاملہ یہ بھی سامنے آیا ہے کہ عسکریت پسند اغوا برائے تاوان جیسی وارداتوں میں ملوث ہو جاتے ہیں۔ ایسی سرگرمیوں کے دوران وہ سکیورٹی اداروں کی یونیفارم استعمال کرتے ہیں تاکہ بدنامی ہو۔

2012 میں لاپتہ افراد کمیشن کے سربراہ جسٹس جاوید اقبال نے میڈیا کو اس وقت کی موصول شکایات کے متعلق آگاہ کیا تھا۔ ان کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان نے کمیشن کو 945 لاپتہ افراد کی فہرست بھیجی لیکن اس فہرست میں پینتالیس افراد کے بھی کوائف مکمل نہیں تھے، کمیشن نے صوبائی حکومت کو فہرست درست کرنے کے لیے بھجوائی لیکن وہ دوبارہ موصول ہی نہیں ہوئی۔ کمیشن کے سربراہ کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے مقدمات میں ملوث افراد بھی لاپتہ افراد کی فہرست میں شامل کر دیے گئے جبکہ بیرون ملک مقیم کچھ لوگوں کے نام اس فہرست کا حصہ ہیں۔ جسٹس (ر) جاوید اقبال نے تب بتایا کہ ایک ہفتے کے دوران بارہ افراد کو بلوچستان سے بازیاب کرایا گیا، کچھ لاپتہ افراد افغانستان میں موجود ہیں لیکن ان تک رسائی حاصل نہیں کیونکہ وہ علاقے امریکا کے کنٹرول میں تھے۔

شکایات موصول ہونے پر 2011ء میں حکومت نے جبری گمشدگیوں کے معاملے کی تحقیق کے لئے ایک انکوائری کمیشن قائم کیا۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کے مطابق 2021ء تک کمیشن کو 3000 درخواستیں ملیں۔ کمیشن کے اعداد و شمار کے مطابق اس کے قیام سے لے کر اب تک 7 ہزار درخواستیں ملیں جن میں سے 5 ہزار کا معاملہ نمٹا دیا گیا۔ پارلیمنٹ اور ادارے لاپتہ افراد کے مسئلے کو سنجیدگی سے دیکھ رہے ہیں۔ سیاسی نظام کی کم اہلی اپنی جگہ لیکن سماج کے تحفظات کو کبھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

ایک رپورٹ کے مطابق لاپتہ ہونے یا لوگوں کی جبری گمشدگی کا معاملہ پوری دنیا میں ہے۔ مختلف ملکوں میں اس کی وجوہات الگ الگ ہیں۔ 2018ء سے 2022ء کے درمیان امریکہ میں 5 لاکھ 21 ہزار 705 افراد غائب ہوئے اسی مدت میں برطانیہ کے 2 لاکھ 41 ہزار 64 افراد لاپتہ ہوئے ان چار برسوں کے دوران جرمنی میں 11 ہزار، بھارت میں 3 لاکھ 47 ہزار 524 اور نیپال میں دس ہزار 418 افراد لاپتہ ہوئے۔ پاکستان میں اس دوران دو ہزار کے قریب افراد کے لاپتہ ہونے کی شکایات ملیں۔ ان اعداد و شمار کا جائزہ لینے سے پتہ چلتا ہے کہ پاکستان کی سکیورٹی صورتحال کو جواز بنا کر شہریوں کی جبری گمشدگی کے واقعات کو بڑھا چڑھا کر بتایا جاتا ہے۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ کچھ اہم شخصیات انسانی حقوق کے نام پر حقائق کا ادراک کئے بنا ریاست پاکستان کو مجرم بنا کر پیش کر دیتی ہیں۔

لاپتہ افراد یا جبری گمشدگیوں کے معاملے کو سادہ نہیں سمجھنا چاہیے۔ یہ نئی طرز کی جنگ میں بطور ہتھیار استعمال ہونے والا موضوع ہے۔ بھارت کو مقبوضہ کشمیر کے محاذ پر عالمی تنقید کا سامنا ہے۔ وہ ہائبرڈ جنگ میں پاکستان کو انسانی حقوق کی خلاف ورزی کا مرتکب قرار دینا چاہتا ہے۔ یہ امر بھی قابل غور ہو گا کہ بلوچستان میں جن افراد کے لاپتہ ہونے کی شکایت ملتی ہے ان کی 99 فیصد تعداد کا تعلق کالعدم تنظیموں کے ساتھ نکلتا ہے۔ ریاست پاکستان کے ساتھ اس کھلواڑ کا اندازہ اس بات سے کیا جا سکتا ہے کہ پرل کانٹی نینٹل ہوٹل گوادر پر حملہ کرنے والے تمام دہشت گرد وہ افراد نکلے جنہیں لاپتہ قرار دیا جا چکا تھا۔ ان معروضات کی روشنی میں لاپتہ افراد کا معاملہ دیکھا جائے تو یقیناً تصویر مختلف بنے گی۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

DATE: 21 MAY 2023

Bullet No.________ Page No:________




کراچی: سابق صدر آصف زرداری سے ملاقات کے موقع پر وزیر اعلیٰ عبدالقدوس بزنجو، وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اور دیگر کا گروپ

MASHRIQ QUETTA



کراچی، سابق صدر آصف علی زرداری سے وزیر اعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو ملاقات کر رہے ہیں

Balochistan Time Quetta



# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 21 MAY 2023 Page No: ________



کوئٹہ : گورنر ملک عبدالولی کاکڑ وائس چانسلرز کانفرنس کی اختتامی تقریب سے خطاب کررہے ہیں



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ کا آل وائس چانسلرز کانفرنس کی اختتامی تقریب کے شرکاء کے ہمراہ گروپ

MASHRIQ QUETTA



ہزارہ قومی کے یوم ثقافت کی تقریب سے گورنر عبدالولی کاکڑ، عبدالخالق ہزارہ خطاب کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ DATE: 21 MAY 2023 Page No:________




صوبائی وزراء انور محمد درمز محمد خان لہڑی، نصیب اللہ مری، اسد اللہ بلوچ نصر اللہ خان زیرے ودیگر اسمبلی اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کر رہے ہیں



کوئٹہ، بی این پی (عوامی) کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر زراعت وقبائلی میر اسد بلوچ اور صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری سیاسی صورتحال پر بات چیت کر رہے ہیں



کوئٹہ، ہزارہ عید گاہ کے موقع پر صوبائی وزیر عبدالخالق ہزارہ منعقدہ سٹالز کا دورہ کر رہے ہیں